فوری ریلیز کے لیے: 4/1/2023 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کا سالِ نو کے آغاز کے دن ہونے والے قومی DWI کریک ڈاؤن کے دوران ریاستی پولیس کی جانب سے 32,900 سے زائد ٹکٹس جاری کرنے کا اعلان

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ نیو یارک کی ریاستی پولیس نے 14 دسمبر 2022 بروز بدھ شروع ہو کر سالِ نو کے آغاز کے دن، 1 جنوری 2023 بروز اتوار تک جاری رہنے والے قومی DWI (الکحل کے زیرِاثر ڈرائیونگ) کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 32,934 ٹکٹس جاری کیے اور خراب ڈرائیونگ کرنے پر 453 افراد کو گرفتار کیا۔ پولیس اہلکاروں نے DWI کے ارتکاب پر 453 افراد کو گرفتار کیا اور 4,417 حادثات کی تحقیقات کیں، جن کے نتیجے میں 528 افراد زخمی جبکہ آٹھ افراد ہلاک ہوئے۔

"میں ریاستی پولیس اور مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی شکرگزار ہوں جن کی مسلسل کوششوں کی بدولت خطرناک ڈرائیورز کو سڑکوں سے باہر کیا گیا اور نیو یارک کے تمام باشندگان کے تحفظ کو یقینی بنایا گیا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم ان قابلِ انسداد حادثات کو برداشت نہیں کریں گے جو کہ خراب اور لاپرواہ ڈرائیونگ کے نتیجے میں وقوع پذیر ہوتے ہیں، اور اس سلسلے میں ہم نفاذ کے کڑے اقدامات پر عمل درآمد جاری رکھیں گے تاکہ سڑکوں کو تمام استعمال کنندگان کے لیے محفوظ بنا سکیں۔"

نیو یارک کی ریاستی پولیس کے قائم مقام سپرنٹنڈنٹ Steven A. Nigrelli نے کہا، "نیو یارک کی ریاستی پولیس کے مقصد کی ترجیحات میں سے ایک الکحل کے زیرِاثر اور خراب ڈرائیونگ کے نتیجے میں ہونے والے حادثات میں کمی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ہائی وے کے تحفظ میں بہتری لانا ہے۔ ہماری حالیہ نفاذ کی کوششوں، نیز پولیس اہلکاروں کی جانب سے کی جانے والی روزانہ کی کارروائی کے ذریعے، ہم نے اپنی شاہراہوں کو عوام کے لیے محفوظ بنا رکھا ہے۔ نیو یارک کی ریاستی پولیس موٹر گاڑیاں چلانے والوں کو تحفظ کو اپنی اوّلین ترجیح بنانے اور اس قسم کے حادثات میں کمی لانے میں مدد دینے کی تاکید کرتی ہے۔ ہمارا پیغام واضح ہے: الکحل کے زیرِاثر ہوتے ہوئے ڈرائیونگ کرنے سے گریز کریں۔ پیش اقدامی سے کام لیتے ہوئے، ہم الکحل کے زیرِاثر ہوتے ہوئے اور خراب ڈرائیونگ کے باعث رونما ہونے والے موٹر گاڑیوں کے حادثات کی تعداد میں کمی لا سکتے ہیں۔"

موٹر گاڑیوں کے محکمے کے کمشنر اور گورنر کی ٹریفک کی حفاظتی کمیٹی کے صدر Mark J.F. Schroeder نے کہا، "یہ تعداد اس چیز کی ایک اور علامت ہے کہ یہ کوششیں ہماری گلیوں اور شاہراہوں کو محفوظ بنانے میں کردار ادا کر رہی ہیں۔ ان مہمات میں ریاستی اور مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ شراکت داری اور موٹر گاڑیاں چلانے والوں اور مسافروں کے لیے پیغام کو یکساں طور پر آگے بڑھانے کا عمل جاری رکھنے پر ہمیں ہمیشہ سے فخر ہے - اگر آپ گھر سے باہر جا رہے ہیں اور جشن منا رہے ہیں، تو اپنے اور ہر ایک کے گھر بحفاظت لوٹنے کے بارے میں سوچیں۔ یہ کرنا نہایت آسان ہے اور اس سے واضح تبدیلی آ سکتی ہے۔"

مہم کے دوران، ریاستی پولیس نے محتاط چیک پوائنٹس کا استعمال کیا، مزید DWI گشت کا اضافہ کیا اور ہاتھ میں پکڑی جانے والی الیکٹرانک ڈیوائسز استعمال کرنے میں مگن ڈرائیوروں کو ٹکٹ جاری کیے۔ اس کریک ڈاؤن کے حصے کے طور پر، اہلکاروں نے ریاستی پولیس کی نشان زدہ گاڑیاں اور پوشیدہ شناخت والی ٹریفک کے قوانین کے نفاذ کار محکمے (Concealed Identity Traffic Enforcement, CITE) کی گاڑیاں بھی استعمال کیں تاکہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے موٹر گاڑیوں کے ڈرائیوروں کی مزید آسانی سے شناخت کی جا سکے۔ یہ گاڑیاں

روزمرہ کی ٹریفک کے ساتھ گھل مل جاتی ہیں لیکن ایمرجنسی لائٹنگ فعال ہونے کے بعد ایمرجنسی گاڑیوں کے طور پر واضح ہو جاتی ہیں۔

نفاذ کے حصے کے طور پر، اہلکاروں نے پوری ریاست میں تیز رفتاری سے اور جارحانہ انداز میں ڈرائیونگ کرنے والوں کو بھی ہدف بنایا۔ ذیل میں جاری کیے گئے کل ٹکٹس کی نمونہ بندی پیش کی جا رہی ہے۔

- تیز رفتاری 11,305
- بے توجہی سے ڈرائیونگ 912
- سیٹ بیلٹ کی خلاف ورزیاں 916
- جگہ چھوڑنے کا قانون 316

پولیس اہلکاروں کے لحاظ سے ترتیب شدہ مہم کے نتائج:

کُل ٹکٹس (بشمول دیگر خلاف ورزیاں)	**جگہ چھوڑنا**	**بچوں کے لیے حفاظتی بند/ سیٹ بیلٹ**	**لاپرواہ ڈرائیونگ**	**DWI گرفتاریاں** (افراد کی تعداد)	رفتار	**علاقہ**	**پولیس اہلکار**
2,597	13	67	78	36	843	**Western NY**	**A**
2,204	28	42	21	22	681	**North Country**	**B**
2,369	29	36	55	23	898	**Southern Tier**	**C**
2,945	11	124	62	41	753	**Central NY**	**D**
3,302	19	135	60	33	917	**Finger Lakes**	**E**
3,138	27	131	140	87	1,271	**Upper Hudson Valley**	**F**
2,690	48	38	94	39	1,008	**Capital Region**	**G**
4,122	35	85	108	76	1,911	**Lower Hudson Valley**	**K**
2,931	3	75	134	49	845	**Long Island**	**L**
1,831	2	56	53	11	262	**New York City**	**NYC**
4,805	101	127	107	36	1,916	**NYS Thruway**	**T**

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں